میں کانگریس کو پچاس سیٹیں ہی ملنے کا اندازہ لگا رہے تھے اب انہوں نے اپنی یہ رائے اور اندازہ بدل دیا ہے۔

بھارتیہ جنتا پارٹی سونیا گاندھی کے منظر عام پر آنے سے سب سے زیادہ بوکھلا گئی ہے اور اس نے سونیا کے بارے میں اوٹ پٹانگ باتیں کہنا شروع کر دی ہیں۔ کبھی بوفورس کا معاملہ کھڑا کر دیا جاتا ہے تو کبھی سونیا گاندھی کے غیر ملکی ہونے کی بات کہہ کر ہندوستانی عوام کو گمراہ کیا جاتا ہے اور مسٹر جارج فرنانڈیز جو بھارتیہ جنتا پارٹی کے حلیف ہیں، نے تو آئندہ پارلیمنٹ میں اس طرح کا بل پاس کرانے پر زور دیا ہے کہ جو ہندوستان میں پیدا ہی نہیں ہوا اس کے ہندوستان کے وزیر اعظم بننے پر پابندی لگا دی جائے۔ اور انہوں نے اس کے لیے امریکہ کے قانون کی مثال دے کر اپنی دلیل کو پختہ کرنے کی کوشش کی ہے اگر ہم مسٹر جارج فرنانڈیز سے الٹا یہ ہی سوال کریں کہ ہندوستان میں غیر ملکی قانون کو نظیر بنا کر کوئی قانون بنانا، ہندوستان میں غیر ملکی قانون رائج کرنا کون سا صحیح قدم ہے؟ اور کیا جارج فرنانڈیز پر غیر ملکیت کا بھوت نہیں سوار ہے؟ (ان سطور کی تحریر کے وقت سونیا گاندھی نے الیکشن میں کھڑے ہونے سے قطعاً انکار کر دیا ہے)

اس الیکشن میں کانگریس کی طرف سے کچھ باتیں ایسی سرزد ہوئی ہیں جو مضحکہ خیز ہی ہیں اور جسے ہم کانگریس میں دانشمندی کا فقدان ہی کہنا زیادہ پسند کریں گے۔ بابری مسجد کا انہدام ہندوستان کی تاریخ میں ایک ایسا بدنما داغ ہے جو شاید ہی کبھی ڈھل سکے۔ ۱۹۹۲ء میں بابری مسجد پوری دنیا کے سامنے ڈھادی گئی اور ہندوستان کی فوج، پولیس، حکومت سب تماشائی بنے رہے اور عین الیکشن مہم کے دوران میں اپنے مینی فیسٹو میں اس پر معافی مانگی جا رہی ہے۔ یہ کس قدر دھوکہ، فریب، عیاری اور مکاری اور سب سے بڑھ کر چالاکی کی بات ہے۔ کانگریس شاید ہندوستانی مسلمانوں کو اس قدر بے وقوف سمجھ رہی ہے کہ وہ اس معافی نامہ کو قبول کر کے اسے معاف کر دیں گے۔ بڑے سے بڑا خالی الذہن انسان بھی اس موقع پر یہ سوال کیے بغیر نہیں رہے گا کہ اتنے دنوں بعد معافی، وہ بھی جب اسے اپنے مفاد کی بازیابی کی چاہت ہو کیا معافی کہی جا سکتی ہے۔ یہ تو ابن الوقتی والی بات ہے جس میں مطلب کے لیے گدھے کو باپ بنانے والی معلوم و معروف کہاوت دل و دماغ میں ایکدم تازہ ہو نا قدرتی بات ہے

ہماری دعا ہے کہ ہندستان کی بارہویں پارلیمنٹ کے انتخابات بخیر و خوبی ہو جائیں اور یہ پارلیمنٹ پورے پانچ سال چلے جو پارٹی یا پارٹیاں برسر اقتدار آئیں وہ ملک و قوم کی صحیح معنوں میں خدمت کریں اور ہندستان سے بے روزگاری، دہشت پسندی، بدامنی، بدعنوانی کا مکمل طور پر خاتمہ کرنے میں لگ جائیں۔ ہندوستان کے تمام باشندوں میں مایوسی کے بجائے خوشی و مسرت پیدا ہو۔ مہنگائی جو اس وقت عروج پر ہے اس میں کمی آ جائے ملک کا ہر باشندہ امن و امان کے ساتھ جی سکے اس کے لیے ہی ہر ممکن اقدامات کے لیے نئی حکومت مستعد عمل ہو جائے۔

© rasailojaraid.com